سوال

(438) وہ کاغذات جن میں اللہ کا ذکر (اوراس کا نام) ہو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے کام کی نوعیت کے اعتبار سے میرے ہاتھ میں ایسے کاغذات آتے رہتے ہیں، جن میں اللہ کا نام لکھا ہوتا ہے توان کاغذات کے بارے میں کیا کیا جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ اوراق جن میں اللہ کا ذکر ہو، واجب ہے کہ ان کی حفاظت کی جائے اورانہیں بے حرمتی سے بچایا جائے اورجب مقصد پورا ہوجائے اوران کی ضروریات باقی نہ رہے تو پھر واجب یہ ہے کہ انہیں کسی پاک جگہ میں دفن کردیا جائے یا انہیں جلادیا جائے یا ایسی الماریوں وغیرہ میں انہیں سنبھال کررکھ دیا جائے جہاں بے حرمتی سے محفوظ رہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص337

محدث فتویٰ